بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ

رنگین تجویدی

# نُورانی قاعِدہ

ادارہ سادات
لاہور، پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قرآن کریم کی خدمت کے حوالے سے رنگوں کے ذریعے تجویدی قواعد بتلانے کا خیال بندہ ناچیز کے ذہن میں اس وقت پیدا ہوا جب اساتذہ کرام کو دیکھا کہ وہ بچوں کو غنہ اور موٹے حروف کی پہچان کیلئے سرخ اور نیلی پینسل سے نشان لگا کر دے رہے ہیں تو سوچا کہ اگر دور جدید کی سہولتوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے قرآن کریم کی طباعت میں رنگوں کا استعمال کیا جائے تو اس سے نسل نو کو بہت فائدہ پہنچایا جا سکتا ہے اور اساتذہ کرام کو بھی نشانات لگانے کی محنت سے بچایا جا سکتا ہے۔

لہذا بندہ نے اس سلسلہ میں مولانا خالد نظامی صاحب فاضل جامعہ اشرفیہ لاہور سے مشورہ کیا تو انہوں نے اس پروگرام کو سراہا اور اس خدمت کو اپنے ذمہ لیا اور رنگین تجویدی قرآن پاک پر کام شروع کر دیا جس سے بندہ کی حوصلہ افزائی ہوئی۔ چند صفحات فورکلر بطور نمونہ ملک الخطاطین حضرت اقدس سید انور حسین نفیس الحسینی شاہ صاحب مدظلہ کی خدمت میں پیش کیے تو حضرت شاہ صاحب نے حوصلہ افزائی فرمائی جس سے میرے اس پروگرام کو تقویت ملی۔ اپنے اس پروگرام کا تذکرہ عظیم مذہبی سکالر اور جید عالم دین حضرت علامہ ارشد حسن ثاقب صاحب مدظلہ سے کیا تو انہوں نے بھی انتہائی خوشی کا اظہار کیا اور فرمایا کہ میں بھی اسی قسم کا ملتا جلتا رنگین مدنی قاعدہ تیار کر رہا ہوں تو یوں باہمی مشورہ سے ایک ہی طرز کے رنگوں کا انتخاب کر لیا گیا اور فورکلر تجویدی پارہ عم منظر عام پر آیا۔

الحمدللہ آج جبکہ رنگین مکمل تجویدی قرآن پاک اور پارہ عم پارہ تبارک الذی پہلا پنج پارہ اور آخری پنج پارہ کے کئی ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل چکے ہیں اور قارئین کی خصوصی فرمائش پر رنگین تجویدی نورانی قاعدہ بھی آسان و عام فہم انداز و ہدایات سے آراستہ خوبصورت دیدہ زیب رنگوں کے ساتھ تیار ہو چکا ہے اور مزید قرآن پاک پر تیزی سے کام ہو رہا ہے تو یہ سلسلہ بحمداللہ اپنی مقبولیت کے بام عروج پر پہنچ چکا ہے۔ یہ سب کچھ اساتذہ کرام اور قراء عظام کی محبت و عنایت کا ثمرہ ہے کہ انہوں نے ہماری اس سعی کو قدر شناسی سے دیکھا اور اسے پذیرائی بخشی فجزاهم الله خيرا اللہ تعالی ہماری اس سعی کو قبول فرماتے ہوئے آخرت کا اچھا ذخیرہ بنائیں۔ (آمین)

طالب دعاء

(مولانا) قاری سید حبیب اللہ شاہ

# حُروف کے مخارِج کا بیان۔ کل سترہ مخارِج ہیں

| ① او ي | ② ء ه | ③ ع ح | ④ غ خ | ⑤ ق |
|---|---|---|---|---|
| بحالت مدّہ مُنہ کے خالی حصّہ کی ہوا سے۔ | حلق کے آخر سے جو سینے کی طرف ہے | حلق کے بِیچ سے | حلق کے شروع سے جو مُنہ کی طرف ہے۔ | زبان کی جڑ کا آخر جو کوّے کے پاس ہے جب اوپر کے تالو سے لگے |
| ⑥ ك | ⑦ ج ش اور ی (غیر مدّہ) | ⑧ ض | ⑨ ل | ⑩ ن |
| اسی جگہ سے لیکن ذرا منہ کی طرف ہٹ کر | زبان کا بیچ جب تالو کے بیچ سے لگے۔ | زبان کی کروٹ جب اُوپر کی ڈاڑھوں سے لگے بائیں طرف سے آسان اور دائیں طرف سے مشکل اور دونوں طرف سے ایک دم نکالنا بہت مشکل ہے۔ | زبان کی کروٹ کے اخیر سے زبان کی نوک تک کے حصّہ سے جب وہ اُوپر کے اگلے چار دانتوں کے مسوڑھوں سے لگے۔ | انہیں میں سے تین دانتوں کے مسوڑھوں سے یعنی اندر کی طرف سے ایک کم ہو جاتا ہے۔ |
| ⑪ ر | ⑫ ط د ت | ⑬ ظ ذ ث | ⑭ ص ز س | ⑮ ف |
| انہیں میں سے اگلے دونوں دانتوں کے مسوڑھوں سے اور اس کا کچھ تعلق زبان کی پشت سے بھی ہے جو نوک سے ذرا آگے چل کر ہے۔ | زبان کی نوک جب اُوپر کے اگلے دو دانتوں کی جڑ کی طرف والے آدھے حصّہ سے لگے۔ | زبان کی نوک جب ان ہی اوپر کے اگلے دونوں دانتوں کی نوک کی طرف والے آدھے حصّہ سے لگے۔ | زبان کی نوک جب اوپر اور نیچے کے اگلے دنوں دانتوں کے درمیان آجائے | اُوپر کے اگلے دونوں دانتوں کی نوک جب نیچے کے ہونٹ کے اندر والے حصّہ سے لگے |

| ⑯ ب م اور و (غیر مدّہ) | ⑰ ن م |
|---|---|
| (i) "ب" دونوں ہونٹوں کی اندرونی تری کے ملنے سے<br>(ii) "م" دونوں ہونٹوں کی بیرونی تری کے ملنے سے<br>(iii) "و" (غیر مدّہ) دونوں ہونٹوں کو گول کر کے ناتمام بند کرنے سے | کا غنہ خیشوم یعنی ناک کے بانسہ سے |

# تختی نمبر ١ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ مفردات

**تختی نمبر 1**
**مفردات**

**ھدایات** یہ حروف مفردات بنیاد ہیں اسی میں بچے کے تلفظ درست کروائیں اور حروف کے نقطے بھی یاد کروائیں سطر کے آخر سے دائیں اور اوپر سے نیچے اور نیچے سے اوپر کی طرف پڑھوائیں اگر اس تختی میں کمی رہی تو یاد رکھیئے اس کا اثر بہت آگے تک جائے گا اور کمزور بنیاد پر اچھی عمارت ممکن نہیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ا | ب با | ت تا | ث ثا | ج | ح حا |
| خ خا | د | ذ | ر را | ز زا | س |
| ش | ص | ض | ط طا | ظ ظا | ع |
| غ | ف فا | ق | ك | ل | م |
| ن | و واؤ | ه ها | ء | ي یا | ے یا |

حروفِ نرم ث ذ ظ — سیٹی والے حروف ص ز س — حروفِ قلقلہ ق ط ب ج د

حروفِ حلقی ء ہ ع ح غ خ — موٹے حروف ص ض ط ظ خ غ ق

حروفِ یرملون ی ر م ل و ن — ہم آواز حروف ت ط — ث س ص — ح ہ — ذ ز ض ظ — ق ك

ترتیب حروف باعتبار مخارج: او ي — ء ه — ع ح — غ خ — ق — ك — ج ش ی

ض — ل — ن — ر — ط د ت — ظ ذ ث — ص ز س — ف — ب م و

**سبز** حروف کو موٹا کریں باقی تمام رنگوں کے حروف باریک پڑھیں

# تختی نمبر ۲ مُرکّبات

(۱) مرکب حروف کو ایک ایک کر کے ان کی پہچان کروائیں مثلاً لا میں دائیں طرف والا ل ہے اور بائیں طرف والا الف (۲) ایک سی صورت والے حروف کے نقطے ردو بدل کر کے یاد کرائیں مثلاً ب کا نقطہ اگر اوپر رکھ دیں تو کونسا حرف بن جائیگا اور ت کے نقطے نیچے لگا دیں تو کونسا حرف ہوگا۔ ت اور ق ش اور ث میں کیا فرق ہے۔ **نوٹ** بچے کی آسانی اور قاعدے کی خوبصورتی کیلیئے پورے قاعدے میں سوائے موٹے حروف کے ہر حرف کو الگ رنگ دیا گیا ہے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ا | لا (ل ا) | لا (ل ا) | با (ب ا) | لا (ل ا) |
| ل | لا (ل ا) | ح (ح) | لا (ل ا) | بلب (ب ل ب) |
| ک | ك (ک) | کب (ک ب) | کب (ک ب) | کا (ک ا) |
| کا (ک ا) | بکت (ب ک ت) | تکث (ت ک ث) | ب | ت |
| ث | ن | ی | با (ب ا) | نا (ن ا) |
| تا (ت ا) | یا (ی ا) | ثا (ث ا) | بس (ب س) | یس (ی س) |
| نس (ن س) | تس (ت س) | ثس (ث س) | ثج (ث ج) | تح (ت ح) |

**سبز** حروف کو موٹا کریں باقی تمام رنگوں کے حروف باریک پڑھیں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| نخ (ن خ) | یح (ی ح) | بج (ب ج) | یم (ی م) | بم (ب م) |
| نم | تم | ثم | بی | یی |
| نی | تی | ثی | نبل | تنل |
| بیل | یتل | ثثل | نبن | بنن |
| تین | یتن | ثثن | ج | ح |
| خ | حث | خب | جت | تحت |
| یجب | بخت | ۃ | ہ | بۃ |
| یہ | تہ | نۃ | ھ | یھب |
| بھا | بھم | د | ذ | جد |
| خذ | ر | ز | جر | خز |

سبز حروف کو موٹا کریں باقی تمام رنگوں کے حروف باریک پڑھیں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ر | ز | یر | تز | س |
| ش | سل | شل | ص | ض |
| ط | ظ | صب | طب | ضا |
| ظا | ع | غ | ء | عز |
| غر | صع | ضغ | بعد | تغذ |
| أ<br>ہمزہ بشکل الف | ؤ<br>ہمزہ بشکل واو | ئ<br>ہمزہ بشکل یا | ف | ق |
| و | قو | فو | فقل | قفل |
| یف | م | م | حم | لم |
| | تم<br>ت م | تمت<br>ت م ت | | |

**تنبیہ** اب بچے سے قرآن مجید کے حروف کی شناخت کروائیں اگر اٹکے تو اس تختی کو پھر سے خوب یاد کروائیں

سبز حروف کو موٹا کریں باقی تمام رنگوں کے حروف باریک پڑھیں

# تختی نمبر ٣ حروف مقطّعات

**حروف مقطّعات کا طلبہ کو حفظ کرا دینا موجب برکت ہے**

| | | | |
|---|---|---|---|
| الٓمّٓ (ا ل م) | الٓمّٓصٓ (ا ل م ص) | الٓرٰ (ا ل ر) | الٓمّٓرٰ (ا ل م ر) |
| كٓهٰيٰعٓصٓ (ك ه ي ع ص) | | طٰهٰ (ط ه) | طٰسٓمّٓ (ط س م) |
| طٰسٓ (ط س) | يٰسٓ (ي س) | صٓ (ص) | حٰمٓ (ح م) |
| حٰمٓ عٓسٓقٓ (ح م ع س ق) | | قٓ (ق) | نٓ (ن) |

# تختی نمبر ٤ حرکات

**ھدایات** حرکات اس طرح یاد کروائیں کہ زبر اوپر ـَ زیر نیچے ـِ پیش اوپر مڑا ہوا ـُ حروف پر حرکات لگا کر بتلائیں۔ حرکات کو قطعاً کھینچنے نہ دیں۔ اتنا بھی جلدی نہ پڑھنے دیں کہ جھٹکا محسوس ہو اور مجہول بھی نہ ہونے دیں **تنبیه** جس الف پر جزم یا کوئی حرکت ہو اسے ہمزہ کہتے ہیں حرکات کی تختی میں حروف کے مخارج کی ترتیب کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ لہذا بچے کو بتلائیں کہ یہ دو ء ہ یا تین حروف ط د ت ایک ہی جگہ سے پڑھے جاتے ہیں اور اپنی صفات کی وجہ سے الگ الگ پہچانے جاتے ہیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَ | اِ | اُ | ہَ | ہِ | ہُ |

**سبز** حروف کو موٹا کریں باقی تمام رنگوں کے حروف باریک پڑھیں **سرخ** نشان پر غنہ کریں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عَ | عِ | عُ | حَ | حِ | حُ |
| غَ | غِ | غُ | خَ | خِ | خُ |
| قَ | قِ | قُ | كَ | كِ | كُ |
| جَ | جِ | جُ | شَ | شِ | شُ |
| یَ | یِ | یُ | ضَ | ضِ | ضُ |
| لَ | لِ | لُ | نَ | نِ | نُ |
| رَ | رِ | رُ | طَ | طِ | طُ |
| دَ | دِ | دُ | تَ | تِ | تُ |
| صَ | صِ | صُ | سَ | سِ | سُ |
| زَ | زِ | زُ | ظَ | ظِ | ظُ |

**سبز** حروف کو موٹا کریں باقی تمام رنگوں کے حروف باریک پڑھیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ذَ | ذِ | ذُ | ثَ | ثِ | ثُ |
| فَ | فِ | فُ | وَ | وِ | وُ |
| بَ | بِ | بُ | مَ | مِ | مُ |

## تختی نمبر ۵ تنوین

**ھدایات** دوزبر ً دوزیر ٍ دوپیش ٌ کوتنوین کہتے ہیں اسی تنوین کی تختی سے غنہ کرنے کی مشق کروائیں۔ غنہ ناک میں آواز چھپانے کا نام ہے۔ بچے کی آسانی کیلئے تنوین پر غنہ کرنے کا قاعدہ یوں سمجھائیں کہ تنوین کے بعد اگر ء ہ ع ح غ خ ل ر میں سے کوئی حرف آئے تو غنہ نہیں ہوگا ان کے علاوہ کوئی اور حرف آجائے تو غنہ ہوگا۔ **تنبیہ** بچے سے پوچھیں کہ یہاں غنہ کیوں ہے اور یہاں کیوں نہیں جواب میں پورا قاعدہ سنیں **تنبیہ** زبر کی تنوین میں الف کا نام نہ لیا جائے ایسے ہی یا کا بھی۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مًا | مٍ | مٌ | بًا | بٍ | بٌ |
| وًا | وٍ | وٌ | فًا | فٍ | فٌ |
| ثًا | ثٍ | ثٌ | ذًى | ذٍ | ذٌ |
| ظًا | ظٍ | ظٌ | زًا | زٍ | زٌ |

**سبز** حروف کو موٹا کریں باقی تمام رنگوں کے حروف باریک پڑھیں **سرخ** نشان پر غنہ کریں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سًا | سٍ | سٌ | صًا | صٍ | صٌ |
| ةً | تٍ | تٌ | دًى | دٍ | دٌ |
| طًا | طٍ | طٌ | رًا | رٍ | رٌ |
| نًا | نٍ | نٌ | لًا | لٍ | لٌ |
| ضًا | ضٍ | ضٌ | يًا | يٍ | ىٌ |
| شًا | شٍ | شٌ | جًا | جٍ | جٌ |
| كًا | كٍ | كٌ | قًا | قٍ | قٌ |
| خًا | خٍ | خٌ | غًا | غٍ | غٌ |
| حًا | حٍ | حٌ | عًا | عٍ | عٌ |
| هًا | هٍ | هٌ | ءً | ءٍ | ءٌ |

**سبز** حروف کو موٹا کریں باقی تمام رنگوں کے حروف باریک پڑھیں **سرخ** نشان پر غنہ کریں

# تختی نمبر ٦ مشق حرکات وتنوین

**ھدایات** یہاں ہجہ بچے سے کروائیں اور حرفوں کو ملانا خود بتلائیں۔ اگر بچے حروف یا حرکتوں کو صحیح طریقے سے نہ بتلاسکیں تو پچھلا پڑھا ہوا پھر سے دہرائیں۔ جب تک بچے خود ہجہ نہ کرنے لگیں آگے سبق ہرگز نہ دیں۔ اس اصول کو کبھی ترک نہ کریں ورنہ آپ کی محنت اور بچے کی عمر ضائع ہوگی۔ **تنبیہ** یہاں بھی غنہ کی مشق سابقہ طریقے پر کروائیں کہ تنوین کے بعد اگر ء ہ ع ح غ خ ل ر، آئے تو غنہ نہیں ہوگا۔ ان آٹھ حروف کے علاوہ کوئی اور حرف آجائے تو غنہ ہوگا۔ **نوٹ** (ر) پر اگر زبر یا پیش ہو تو (ر) موٹی ہوگی اگر زیر ہو تو (ر) باریک پڑھیں گے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَبَدًا | اَحَدٌ | اَخَذَ | اَذِنَ | اَمَرَ |
| اَنَا (پڑھا زنون) | بَخِلَ | بَرَرَةٍ | جَعَلَ | جَمَعَ |
| حَسَدَ | حَشَرَ | خَشِيَ | خَلَقَ | خُلِقَ |
| ذَكَرَ | رَفَعَ | رَقَبَةٍ | سُرُرٌ | سَفَرَةٍ |
| صُحُفًا | وَسَطًا | طَبَقٍ | طَبَقًا | طُوًى |
| عَبَسَ | عَدَلَ | عَلَقٍ | عَمَدٍ | عِنَبًا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| غَبَرَةٌ | فَعَلَ | قَتَرَةٌ | قُتِلَ | قَدَرَ |
| قُرِئَ | قَسَمٌ | كَبَدٍ | كُتُبٌ | كَسَبَ |
| كَفَرَ | كُفُوًا | لُبَدًا | لُمَزَةٍ | لَهَبٍ |
| مَسَدٍ | نَخِرَةً | وَجَدَ | وَسَقَ | وَقَبَ |
| وَلَدَ | وَهَبَ | هُمَزَةٍ | هُدًى | |

## تختی نمبر ٧ کھڑی زبر، کھڑی زیر، اُلٹا پیش

**ھدایات** کھڑی زبر کھڑی زیر الٹا پیش کو ایک الف کی مقدار کھینچ کر پڑھا جائے۔ کھڑی زبر الف مدہ کی جگہ کھڑی زیر یائے مدہ کی جگہ اور الٹا پیش واو مدہ کی جگہ ہے۔

**نوٹ** حرکات کی تختی نمبر 4 سے موازنہ کروا کے پڑی اور کھڑی حرکات کا فرق خوب سمجھائیں

**تنبیہ** نون اور میم کے بعد آنے والے حروف مدہ کی آواز ناک میں جانے سے بچائیں مثلاً نَا نُوْنِی لِمْ مَا مُوْا مِی میں الف، واؤ اور ی کی آواز ناک میں نہ جانے دیں بلکہ منہ کی خالی حصہ سے ادا کروائیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بٰ بٖ بٗ | یٰ یٖ یٗ | رٰ رٖ رٗ | مٰ مٖ مٗ | لٰ لٖ لٗ | وٰ وٖ وٗ |
| نٰ نٖ نٗ | ءٰ ءٖ ءٗ | ھٰ ھٖ ھٗ | عٰ عٖ عٗ | حٰ حٖ حٗ | غٰ غٖ غٗ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| خ | ت | ث | ج | د | ذ |
| ز | س | ش | ص | ض | ط |
| ظ | ف | ق | ك | ا | ھ |
| | و | ہ | ء | | |

## تختی نمبر ۸ مدّہ و لین

**هدایات** حروف مده ا'و'ی یہ تینوں حروف مده کہلاتے ہیں اگر الف سے پہلے زبر ہو تو (الف مده) اور و ساکن سے پہلے پیش ہو تو (واو مده) ی ساکن سے پہلے زیر ہو تو (یائے مده) یہ حروف ایک الف کے برابر کھینچ کر پڑھے جاتے ہیں۔ جسے مد اصلی کہتے ہیں جیسے بَا بُوْ بِیْ اور ان حروف مده کے بعد اگر سبب مد ہمزه اور سکون (اصلی) یا بوجہ وقف ہو تو لمبی مد ہو گی جسے مد فرعی کہتے ہیں

**تنبیه** جزم کا دوسرا نام سکون ہے جس حرف پر سکون ہو اس حرف کو ساکن کہتے ہیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَا | بُوْا | بِیْ | تَا | تُوْا | تِیْ |
| ثَا | ثُوْا | ثِیْ | حَا | حُوْا | حِیْ |
| خَا | خُوْا | خِیْ | رَا | رُوْا | رِیْ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| زَا | زُوْا | زِیْ | طَا | طُوْا | طِیْ |
| ظَا | ظُوْا | ظِیْ | فَا | فُوْا | فِیْ |
| هَا | هُوْا | هِیْ | يَا | يُوْا | يِیْ |
| ءَا | اُوْا | اِیْ | جَا | جُوْا | جِیْ |
| دَا | دُوْا | دِیْ | ذَا | ذُوْا | ذِیْ |
| سَا | سُوْا | سِیْ | شَا | شُوْا | شِیْ |
| صَا | صُوْا | صِیْ | ضَا | ضُوْا | ضِیْ |
| عَا | عُوْا | عِیْ | غَا | غُوْا | غِیْ |
| قَا | قُوْا | قِیْ | كَا | كُوْا | كِیْ |
| لَا | لُوْا | لِیْ | مَا | مُوْا | مِیْ |

**سبز** حروف کو موٹا کریں باقی تمام رنگوں کے حروف باریک پڑھیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| نَا | نُوْا | نِیْ | وَا | وُوْا | رِیْ |

**حروف لین** ی اور واو ساکنہ سے پہلے زبر ہو تو یہ حروف لین کہلاتے ہیں ان کو پڑھتے وقت کھینچنے اور جھٹکا دینے سے اور مجہول پڑھنے سے بچایا جائے۔ کیونکہ یہ حروف نرمی سے ادا ہوتے ہیں اس لئے ان کو لین کہتے ہیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| تَوْ | تَیْ | ثَوْ | ثَیْ | دَوْ | دَیْ |
| ذَوْ | ذَیْ | رَوْ | رَیْ | زَوْ | زَیْ |
| سَوْ | سَیْ | شَوْ | شَیْ | صَوْ | صَیْ |
| ضَوْ | ضَیْ | طَوْ | طَیْ | ظَوْ | ظَیْ |
| لَوْ | لَیْ | نَوْ | نَیْ | اَوْ | اَیْ |
| بَوْ | بَیْ | جَوْ | جَیْ | حَوْ | حَیْ |
| خَوْ | خَیْ | عَوْ | عَیْ | غَوْ | غَیْ |
| فَوْ | فَیْ | قَوْ | قَیْ | گَوْ | گَیْ |

**سبز** حروف کو موٹا کریں باقی تمام رنگوں کے حروف باریک پڑھیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَوْ | هَیْ | وَوْ | وَیْ | هَوْ | هَیْ |
| | | یَوْ | یَیْ | | |

## تختی نمبر ۹ مشق حرکات کھڑی زبر، کھڑی زیر، اُلٹا پیش مدّ ولین وتنوین

**قاعدہ نمبر** (۱) حروف مدہ کے بعد اگر (ء) ہوتو مد ہمیشہ چار الف ہوگی۔ اگر (ء) اسی کلمہ میں ہے تو مد متصل اور مد واجب کہتے ہیں۔ جیسے جَآءَ اگر حروف مدّہ پہلے کلمہ کے آخر میں ہوں اور (ء) دوسرے کلمہ کے شروع میں ہوتو اس کو مدّ منفصل اور مد جائز کہتے ہیں۔ جیسے اِنَّآ اَنْزَلْنَا **قاعدہ نمبر** (۲) اگر حروف مدّہ یا حروف لین کے بعد سکون ہوتو وہاں بھی مد ہوگی۔ اور اگر سکون پہلے سے ہی ہے تو اس کو مدّ لازم کہتے ہیں۔ اس کی مقدار پانچ الف ہے جیسے آٰلْئٰنَ اور اگر سکون وقف کی وجہ سے ہے تو مدّ وقفی اور مدّ عارضی کہتے ہیں۔ اس کی مقدار تین الف ہے۔ جیسے جُوْعٍ ۝ خَوْفٍ ۝ وغیرہ پر وقف کریں **قاعدہ نمبر** (۳) (ر) کے اوپر زبر یا پیش ہوتو موٹی پڑھتے ہیں اور اگر زیر ہوتو (ر) باریک ہوگی **تنبیہ** غنہ کی مشق بھی سابقہ طریقے پر ہی کروائیں کہ تنوین کے بعد ء ہ ع ح غ خ ل ر آئے تو غنہ نہیں ہوگا۔ ان آٹھ حروف کے علاوہ کوئی اور حرف آئے تو غنہ ہوگا۔ بچے سے غنہ ہونے اور نہ ہونے کی وجہ پوچھیں نیز ہر کلمہ کے آخر میں وقف کرنا بھی سکھائیں۔ جب کسی جملہ پر وقف کرنا ہوتو سب سے آخری حرف کو اگر ساکن نہ ہوتو ساکن کردیں اور آواز اور سانس دونوں کو ختم کردیں گے گول (ۃ) پر جب وقف کریں تو (ہ) پڑھی جائے گی۔

**نوٹ**: مد کا ہجہ مندرجہ ذیل دونوں طرح درست ہے۔ جیم الف مد زبر جَآ ہمزہ زبر ءَ، جَآءَ جیم زبر الف مد جَآ ہمزہ زبر ءَ، جَآءَ جیم زیر یا مد جَآئِ ہمزہ زبر ءَ، جَآئِ جیم یا مد زیر جَآئِ ہمزہ زبر ءَ جَآئِ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اٰمَنَ | اُوْی | اُنْیَۃِ | اَلْفِ | اَیْنَ |
| بِہٖ | جَآءَ | جَآئِ | جُوْعِ | خَوْفِ |
| خَیْرٌ | دَاوٗدُ | ذٰلِكَ | رَضُوْا | شَآءَ |

**سبز** حروف کو موٹا کریں باقی تمام رنگوں کے حروف باریک پڑھیں **سرخ** نشان پر غنہ کریں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مُلِكِ | شَیْءٍ | طَغٰی | طَغَوْا | طَیْرًا |
| عَادٍ | عَلٰی | عَیْنٌ | فِیْهِ | قَالَ |
| قَوْلٌ | کَانَ | کَیْدًا | کَیْفَ | لَوْحٌ |
| لَیْسَ | مَالًا | نَارًا | مَآءٍ | وَیْلٌ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| یَوْمٍ | یَرَهٗ | حَاسِدٍ | حَافِظٌ |
| دَافِقٍ | شَاهِدٍ | عَابِدٌ | عَآءِدًا |
| غَاسِقٍ | نَاصِرٍ | وَالِدٍ | اَعُوْذُ |
| اَکِیْدُ | یَخَافُ | یَدُهٗ | یُقَالُ |
| تُرَابًا | حِسَابًا | سُبَاتًا | سِرَاجًا |
| سَلٰمٌ | شِدَادًا | شَرَابًا | صَوَابًا |

سبز حروف کو موٹا کریں باقی تمام رنگوں کے حروف باریک پڑھیں سرخ نشان پر غنہ کریں

| | | | |
|---|---|---|---|
| طَعَامٍ | عَذَابٌ | عَطَآءً | غُثَآءً |
| كِتٰبًا | كِرَامًا | لِبَاسًا | لِسَانًا |
| مَاٰبًا | مَتَاعًا | مُطَاعٍ | مَعَاشًا |
| مَفَازًا | مِهٰدًا | نَبَاتًا | وِفَاقًا |
| ثُبُوْرًا | رَسُوْلٍ | شُهُوْدٌ | قُعُوْدٌ |
| وُجُوْهٌ | اَثِيْمٍ | اَلِيْمٍ | بَصِيْرًا |
| خَبِيْرًا | رَحِيْقٍ | شَهِيْدٌ | عَظِيْمٍ |
| قَرِيْبًا | كَرِيْمٍ | مَجِيْدٌ | مُحِيْطٌ |
| نَعِيْمٍ | يَتِيْمًا | يَسِيْرًا | رُوَيْدًا |
| قُرَيْشٍ | عِيْشَةٍ | مَوَدَّةٌ | |

سبز حروف کو موٹا کریں باقی تمام رنگوں کے حروف باریک پڑھیں سرخ نشان پر غنہ کریں

| | | |
|---|---|---|
| مَوْضُوْعَةٌ | مَوَازِيْنُهٗ | يَوْمَئِذٍ |

## تختی نمبر ١٠ سکون یعنی جزم

جزم کی صورت اورنام یادکروائیں، ان سوالات کے جوابات بھی یادکروائیں **سوال** جزم کیسا ہوتا ہے؟ **جواب** مڑا ہوا **سوال** : جزم والے حرف کو کیا کہتے ہیں؟ **جواب** ساکن **سوال** جزم والا حرف کتنی مرتبہ پڑھا جاتا ہے؟ **جواب** پہلے حرف سے مل کر صرف ایک مرتبہ۔ اس تختی میں حروف کی صحت پر خاص خیال رکھا جائے ہم آواز حروف میں فرق خوب سمجھائیں۔ مثلاً ث، س، ص میں اور ذ، ز، ظ، میں اور اسی طرح ت، ط اور ق، ک، میں فرق ہونا ضروری ہے۔ معذور بچہ مجبور ہے کوشش جاری رکھی جائے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَبْ | اِبْ | اُبْ | اَتْ | اِتْ |
| اُتْ | اَثْ | اِثْ | اُثْ | اَجْ |
| اِجْ | اُجْ | اَحْ | اِحْ | اُحْ |
| اَخْ | اِخْ | اُخْ | اَدْ | اِدْ |
| اُدْ | اَذْ | اِذْ | اُذْ | اَرْ |
| اِرْ | اُرْ | اَزْ | اِزْ | اُزْ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَسْ | اِسْ | اُسْ | اَشْ | اِشْ |
| اُشْ | اَصْ | اِصْ | اُصْ | اَضْ |
| اِضْ | اُضْ | اَطْ | اِطْ | اُطْ |
| | اَظْ | اِظْ | اُظْ | اِسی طرح آخر تک |

## تختی نمبر ۱۱ مشق سُکُون

**سوال:** نون ساکن اور تنوین پر غنہ کب ہوتا ہے۔ **جواب:** جب ان کے بعد کوئی حرف حلقی ء ہ ع ح غ خ اور ل ر نہ ہو **سوال:** راء ساکنہ (رْ) کب موٹی ہوتی ہے؟ **جواب** جب اس سے پہلے یائے ساکنہ نہ ہو یا اس سے پہلے زیر اصلی اسی کلمہ میں نہ ہو اور اگر رائے ساکنہ کے بعد اسی کلمہ میں حرف مستعلیہ ہو تو ہر حال میں پر یعنی موٹی ہوگی۔ اگر پہلے ہو تو اختیار ہے حروف مستعلیہ یعنی موٹے حروف یہ ہیں ص ض ط ظ خ غ ق **علامات وقف** ○ وقف تام (م) وقف لازم۔ (ط) وقف مطلق (ج) وقف جائز (س) سکتہ سانس نہ ٹوٹے (وقفہ) ذرا لمبا سکتہ (ز) وقف مجوز (لا) پر اگر مجبوراً وقف کرنا پڑے تو پیچھے سے ملا کر پڑھو۔ لا کے بعد سے ابتدا نہ کرو۔ **نوٹ:** ہر کلمہ کے آخر میں بچے کو وقف کرنا سکھائیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَنْتَ | اِهْدِ | بَعْدُ | بَطْشَ | سَعْيَ |
| كُنْتُ | لَسْتَ | اَمْرٍ | بَرْدًا | جَمْعًا |

سبز حروف کو موٹا کریں باقی تمام رنگوں کے حروف باریک پڑھیں سرخ نشان پر غنہ کریں نیلے نشان پر قلقلہ کریں

سَبْقًا سَبْحًا خَلْقًا خُسْرٍ حَبْلُ

عَبْدًا ضَبْحًا صُبْحًا شَأْنُ

غُلْبًا غَرْقًا عَصْفٍ عَشْرٍ عَدْنٍ

كَدْحًا كَأْسًا قَضْبًا قَدْحًا فَصْلُ

نَفْسٍ نَشْطًا نَخْلًا مِسْكٌ لَغْوًا

تَنْسٰى تَرْضٰى اَبْقٰى يُسْرًا نَقْعًا

تَجْرِىْ يَدْعُوْا يَتْلُوْا يَسْعٰى يَخْشٰى

اِقْرَاْ اَمْهِلْ اَلْقَتْ يُغْنِىْ يَهْدِىْ

اَخْرِجْ وَانْحَرْ فَانْصَبْ فَارْغَبْ

اَكْرَمَ اَفْلَحَ اَغْطَشَ اَرْسَلَ

سبز حروف کو موٹا کریں باقی تمام رنگوں کے حروف باریک پڑھیں سرخ نشان پر غنہ کریں نیلے نشان پر قلقلہ کریں

اَلْهَمَ اَنْشَرَ اَنْقَضَ دَمْدَمَ

عَسْعَسَ اَعْبُدُ نَعْبُدُ يَخْرُجُ

يَحْسَبُ يَشْرَبُ يَشْهَدُ تَرْهَقُ

تَعْرِفُ اُقْسِمُ يُبْدِئُ يُنْفَخُ

يَنْقَلِبُ يُوَسْوِسُ ثَقُلَتْ حُشِرَتْ

سُطِحَتْ كُشِطَتْ نُشِرَتْ

نُصِبَتْ اَثَرْنَ وَسَطْنَ فَرَغْتَ

تَاْتُوْنَ يُسْقَوْنَ يَفْعَلُوْنَ

يَعْمَلُوْنَ يَعْلَمُوْنَ يَضْحَكُوْنَ

يَكْسِبُوْنَ يَدْخُلُوْنَ يَنْظُرُوْنَ

سبز حروف کو موٹا کریں باقی تمام رنگوں کے حروف باریک پڑھیں سرخ نشان پر غنہ کریں نیلے نشان پر قلقلہ کریں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ

رنگین تجویدی

# نُورانی قاعِدہ

ادارہ سادات

لاہور، پاکستان

وَالْفَتْحُ وَالْعَصْرِ مِنَ الْمُعْصِرٰتِ

مَعَ الْعُسْرِ مَا الْقَارِعَةُ ۝ط وَإِذَا

الْمَوْءٗدَةُ يَنْظُرُ الْمَرْءُ كَالْفَرَاشِ

الْمَبْثُوْثِ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ ۝ط

لَيْلَةُ الْقَدْرِ اَخْرَجَتِ الْاَرْضُ

مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ عِنْدَ ذِىْ

الْعَرْشِ يَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۝ وَهُوَ

الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِىْ اَحْسَنِ

تَقْوِيْمٍ ۝ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ط آلْئٰنَ

سبز حروف کو موٹا کریں باقی تمام رنگوں کے حروف باریک پڑھیں سرخ نشان پر غنہ کریں نیلے نشان پر قلقلہ کریں

# تختی نمبر ۱۲ تشدید

**ہدایات** : بچوں کو ان سوالات کے جوابات یاد کرائے جائیں **سوال** تین دندانے والے کو کیا کہتے ہیں ؟ **جواب** تشدید **سوال** تشدید والے حرف کو کیا کہتے ہیں ؟ **جواب** مشدّد ۔ **سوال** تشدید والا حرف کتنی مرتبہ پڑھا جاتا ہے؟ **جواب** دو مرتبہ ایک مرتبہ پہلے حرف سے مل کر دوسری مرتبہ خود **سوال** :مشدّد کو کس طرح پڑھتے ہیں؟ **جواب** مظبوطی کے ساتھ ذرا رک کر۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَبَّ | اَبِّ | اَبُّ | اِبَّ | اِبِّ |
| اِبُّ | اُبَّ | اُبِّ | اُبُّ | اَبًّا |
| اَبٍّ | اَبٌّ | اِبًّا | اِبٍّ | اِبٌّ |
| اُبًّا | اُبٍّ | اُبٌّ | اَتَّ | اَتِّ |
| اَتُّ | اِتَّ | اِتِّ | اِتُّ | اُتَّ |
| اُتِّ | اُتُّ | اَتًّا | اَتٍّ | اَتٌّ |
| اِتًّا | اِتٍّ | اِتٌّ | اُتًّا | اُتٍّ |

**سبز** حروف کو موٹا کریں باقی تمام رنگوں کے حروف باریک پڑھیں **سرخ** نشان پر غنہ کریں **نیلے** نشان پر قلقلہ کریں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اُثُّ | اَثَّ | اَثِّ | اَثُّ | اِثَّ |
| اِثِّ | اِثُّ | اُثَّ | اُثِّ | اُثُّ |
| اَثَّ | اَثِّ | اَثُّ | اِثَّ | اِثِّ |
| اِثُّ | اُثَّ | اُثِّ | اُثُّ | اَجَّ |
| اَجِّ | اَجُّ | اِجَّ | اِجِّ | اِجُّ |
| اُجَّ | اُجِّ | اُجُّ | اَجَّ | اَجِّ |
| اَجُّ | اِجَّ | اِجِّ | اِجُّ | اسی طرح آخر تک |

## تختی نمبر ۱۳ مشق تشدید

**قاعدہ** نون اور میم مشدد میں ہمیشہ غنہ ہوتا ہے **قاعدہ را** ساکنہ سے پہلے بھی اگر سکون ہو تو اس سے پچھلے حرف کو دیکھیں گے اگر اس پر زبر یا پیش ہو تو **را** ساکنہ کو موٹا کریں گے۔ اگر زیر ہو تو **را** ساکنہ کو باریک پڑھیں گے۔

بُرِّزَ حُصِّلَ صَدَّقَ عَدَّدَ قَدَّرَ

كَذَّبَ نَعَّمَ يَظُنُّ يَحُضُّ جَنَّةٍ

ذَرَّةٍ قُوَّةٍ كَرَّةٌ سُعِّرَتْ قَدَّمَتْ

كَذَّبَتْ زُوِّجَتْ سُجِّرَتْ فُجِّرَتْ

سُيِّرَتْ عُطِّلَتْ كُوِّرَتْ تَطَّلِعُ

تُحَدِّثُ نُيَسِّرُهُمُ الْبَيِّنَةُ

قَيِّمَةٌ عَشِيَّةً مُذَكِّرٌ اَيَّانَ

اِيَّاكَ لِلّٰهِ تَجَلّٰى تَصَدّٰى تَزَكّٰى

تَوَلّٰى تَوَّابًا ۝ ثَجَّاجًا غَسَّاقًا

فَعَّالٌ كِذَّابًا وَهَّاجًا مُمَدَّدَةٍ ۝

مُكَرَّمَةٍ مُطَهَّرَةٍ وَالسَّمَآءِ

**سبز** حروف کو موٹا کریں باقی تمام رنگوں کے حروف باریک پڑھیں **سرخ** نشان پر غنہ کریں **نیلے** نشان پر قلقلہ کریں

وَالتَّرَآئِبِ وَالنّٰشِطٰتِ وَالنّٰزِعٰتِ

وَالسّٰبِحٰتِ فَالسّٰبِقٰتِ فَالْمُدَبِّرٰتِ

تُبْلَى السَّرَآئِرُ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ

بِالْخُنَّسِ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ۝ لا

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ لا

اگر یہ نورانی قاعدہ آپ نے بچے کو پوری محنت کے ساتھ ہجے اور رواں دونوں طرح خوب یاد کروا دیا۔تو انشاء اللہ یہ محنت آپ کی رنگ لائے گی۔اور قرآن کریم کو بچہ آسانی سے پڑھ سکے گا۔

## تختی نمبر ١٤ مشق تشدید مع سکون

مَرُّوْا رَبِّیْ مُدَّتْ حُقَّتْ خَفَّتْ

تَبَّتْ تَخَلَّتْ قَدَّمَتْ وَالصُّبْحِ

وَالشَّمْسِ وَالشَّفْعِ بِالصَّبْرِ ۝

وَالصَّيْفِ وَالَّيْلِ وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ

سِجِّيْلٍ سِجِّيْنٌ مُنْفَكِّيْنَ فَاِنَّ

الْجَنَّةَ لِحُبِّ الْخَيْرِ اِذَا السَّمَآءُ

انْشَقَّتْ مَا الطَّارِقُ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۝

مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝

## تختی نمبر ۱۵ تشدید مع تشدید

يَزَّكّٰى يَذَّكَّرُ اَلْمُدَّثِّرُ اَلْمُزَّمِّلُ

عِلِّيِّيْنَ ۝ عِلِّيُّوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ

اِلَّا الَّذِيْنَ مِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ

فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ۝

سبز حروف کو موٹا کریں باقی تمام رنگوں کے حروف باریک پڑھیں سرخ نشان پر غنہ کریں نیلے نشان پر قلقلہ کریں

## تختی نمبر ۱۶ تشدید بعد حروفِ مدّہ

بچے کو ہجہ یوں کروائیں ضاد الف مد لام زبر ضَالّ لام دوز برلاً (ضَآلًّا) واو صاد زبر (وَصْ صاد فا کھڑی زبر مد صآفّ فا کھڑی زبر فا وَالصّٰٓفّ تا زیرت (وَالصّٰٓفّٰتِ)

ضَآلًّا دَآبَّةٍ حَآجَّكَ حَآجُّوْكَ

لَضَآلُّوْنَ وَلَا الضَّآلِّيْنَ اَتُحَآجُّوْنِّيْ

وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ وَالصّٰٓفّٰتِ جَآءَتِ

الصَّآخَّةُ ۝ فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ

الْكُبْرٰى ۝

## خاتمہ اجرائے قواعد

(۱) اگر نون ساکن وتنوین کے بعد اگلے کلمہ میں حروف یرملون (ی ر م ل و ن) میں سے کوئی حرف ہو تو (لام) اور (را) میں بلا غنہ باقی چار حرفوں میں غنہ کے ساتھ ادغام ہوگا۔ بچوں کو یوں سمجھائیں کہ تشدید سے پہلے جزم والے حرف کو نہیں پڑھتے جیسے (مِنْ رَّبِّكَ) (۲) تنوین کے بعد ہمزہ وصل ہو تو وہاں ایک نون کے نیچے زیر لگا کر اگلے حرف سے ملاتے ہیں اور تنوین کی جگہ صرف ایک حرکت باقی رہ جاتی ہے اس کو نون قطنی کہتے ہیں

**تنبیه** زبر کی تنوین میں جو الف لکھا جاتا ہے وہ پڑھا نہیں جاتا (٣) نون ساکن یا تنوین کے بعد (ب) آجائے تو یہ دونوں میم بن جاتے ہیں۔ اور ان پر غنہ بھی ہوتا ہے (٤) میم ساکن کے بعد (ب یا م) آجائے تو م ساکن میں غنہ ہوگا۔ (٥) لفظ اللہ کے لام سے پہلے زیر ہو تو لام باریک ہوگا۔ جیسے (بِسْمِ اللّٰهِ) اور اگر لام سے پہلے زبر یا پیش ہو تو لام موٹا ہوگا جیسے (اَللّٰه . نَارُ اللّٰه)

جَزَآءً اَلْمَلٰٓئِكَةُ اِنَّآ اَعْطَيْنَا اِلَيْنَآ

اِيَابَهُمْ ۝ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝ شَرًّا يَّرَهٗ ۝

مِيْقَاتًا يَّوْمَ فَمَنْ يَّعْمَلْ يَوْمَئِذٍ

يَّصْدُرُ النَّاسُ مِنْ رَّبِّكَ رَسُوْلٌ

مِّنَ اللّٰهِ صُحُفًا مُّطَهَّرَةً صَفًّا ۚ لَّا

يَتَكَلَّمُوْنَ قُلُوْبٌ يَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ

اَبْصَارُهَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ۝ وَّاَنْزَلْنَا

اَكْلًا لَّمًّا ۝ وَّتُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا

جَمًّا ۝ غُثَآءً اَحْوٰى ۝ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ

اِذَا تُتْلٰى نَارًا حَامِيَةً ۝ تُسْقٰى مِنْ

عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ۝ مَنْ بَخِلَ لَيُنْبَذَنَّ

مِنْ بَعْدِ مِنْ بَيْنِ الصُّلْبِ لَنَسْفَعًا

بِالنَّاصِيَةِ بِذَنْبِهِمْ مُطَهَّرَةٍ ۝

بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ كِرَامٍ بَرَرَةٍ ۝ هُمْ

فِيْهَا لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝ اِنَّ

رَبَّهُمْ بِهِمْ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ

لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ مِمَّ اَللّٰهُمَّ

تَمَّتْ بِالْخَيْرِ ۝

سبز حروف کو موٹا کریں باقی تمام رنگوں کے حروف باریک پڑھیں سرخ نشان پر غنہ کریں نیلے نشان پر قلقلہ کریں

## یہ کلمات وہ ہیں جو موافق رسم خط قرآن مجید کے لکھنے میں اور طرح ہیں اور پڑھنے میں اور طرح

| نمبر شمار | لکھنے کی صورت | پڑھنے کی صورت | نام سورت | نمبر شمار | لکھنے کی صورت | پڑھنے کی صورت | نام سورت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | اَنَا | اَنَ | جس جگہ ہو | ۱۲ | لَنْ نَّدْعُوَاْ | لَنْ نَّدْعُوَ | الكهف |
| ۲ | يَبْصُۜطُ | يَبْسُطُ | البقرة | ۱۳ | لِشَاْیْءٍ | لِشَیْءٍ | الكهف |
| ۳ | اَفَا۠ئِنْ | اَفَإِنْ | آل عمرٰن | ۱۴ | لٰكِنَّاْ | لٰكِنَّ | الكهف |
| ۴ | لَاْاِلَى اللّٰهِ | لَاِلَى اللّٰهِ | الانبيآء | ۱۵ | لَاْاَذْبَحَنَّهٗ | لَاَذْبَحَنَّهٗ | النمل |
| ۵ | تَبُوْٓءَاْ | تَبُوْٓءَ | المآئدة | ۱۶ | لَاْاِلَى الْجَحِيْمِ | لَاِلَى الْجَحِيْمِ | الصّٰٓفّٰت |
| ۶ | بَصْۜطَةً | بَسْطَةً | الاعراف | ۱۷ | لِيَبْلُوَاْ | لِيَبْلُوَ | محمد |
| ۷ | مَلَاْئِهٖ | مَلَئِهٖ | الاعراف | ۱۸ | نَبْلُوَاْ | نَبْلُوَ | محمد |
| ۸ | لَاْاَوْضَعُوْا | لَاَوْضَعُوْا | التوبة | ۱۹ | لَاْاَنْتُمْ | لَاَنْتُمْ | الحشر |
| ۹ | ثَمُوْدَاْ | ثَمُوْدَ | هود | ۲۰ | سَلٰسِلَاْ | سَلٰسِلَ وصلا | الدهر |
| ۱۰ | لِيَرْبُوَاْ | لِيَرْبُوَ | الروم | ۲۱ | قَوَارِيْرَا | قَوَارِيْرَ وصلا | الدهر |
| ۱۱ | لِتَتْلُوَاْ | لِتَتْلُوَ | الرعد | ۲۲ | مَلَاْئِهِمْ | مَلَئِهِمْ | يونس |

### تلاوت میں یہ خوبیاں ہونی چاہیں

ترتیل ــــ یعنی ٹھہر ٹھہر کر قرآن پڑھنا
تجوید ــــ یعنی حروف کو مخارج سے مع صفات کے ادا کرنا
تبیین ــــ یعنی حرف کو صاف پڑھنا
ترسیل ــــ یعنی حرفوں کو ہموار کر کے پڑھنا
تحسین ــــ لحن عرب کے موافق مع تجوید کے پڑھنا
توقیر ــــ یعنی خشوع و خضوع اور وقار کے ساتھ پڑھنا

### تلاوت میں ان عیبوں سے بچنا لازم ہے

ترعید ــــ مد اور حرکت میں آواز کو ہلانا ــــ مکروہ حرام
زمزمہ ــــ گانے کے طریقے پر پڑھنا مکروہ تحریمی، اگر تجوید سے باہر ہو تو ــــ حرام
تنفیش ــــ حرکات کا پورا ادا نہ کرنا ــــ مکروہ
ترقیص ــــ آواز نچانا، اگر وہ حد تجوید سے باہر ہو تو ــــ حرام
تعجیل ــــ جلدی کرنا، جس میں حروف جدا جدا سمجھ نہ آسکیں ــــ حرام
عنعنہ ــــ ہمزہ کو عین کے ساتھ مخلوط کر کے پڑھنا ــــ حرام
تطنین ــــ یعنی گنگنی آواز سے پڑھنا ــــ حرام
رکزہ ــــ بے موقع ادغام کرنا ــــ حرام
تہمیز ــــ ہر حرف کے ساتھ ہمزہ ملا دینا ــــ حرام
تمضیع ــــ حرفوں کو چبانا ــــ مکروہ
تطویل ــــ حرکات و مدات کو حد سے زیادہ کھینچنا ــــ مکروہ
تعویق ــــ کلمہ کے بیچ میں وقف کرنا اور آگے سے پڑھنا شروع کر دینا ــــ حرام
ہمہمہ ــــ مخفف کو مشدد یا مشدد کو مخفف کرنا ــــ حرام
وشبہ ــــ حرف اول کو نا تمام چھوڑ کر اگلے حروف شروع کر دینا ــــ حرام

# رنگوں کے ذریعے بتائے گئے قواعد کی (عام فہم) وضاحت

**موٹے حروف** سات حروف (ص ض ط ظ خ غ ق) ہمیشہ پُر یعنی موٹے ہوتے ہیں۔ لفظ اَللّٰہ کے لام سے پہلے اگر زبر یا پیش ہو تو لفظ اَللّٰہ کے لام کو پُر (موٹا) پڑھیں گے۔ جیسے اَللّٰہ ، لَهُمُ اللّٰہ ۔ اگر لام سے پہلے زیر ہو تو باریک پڑھیں گے، جیسے بِسْمِ اللّٰہِ

[را] پر اگر زبر یا پیش ہو تو [را] کو پُر (موٹا) پڑھیں گے۔ اگر زیر ہو تو باریک پڑھیں گے۔ [را] پر اگر جزم ہو تو پچھلے حرف کی حرکت کو دیکھیں گے۔ اگر زبر یا پیش ہے تو [را] کو پُر (موٹا) اور اگر زیر ہے تو باریک پڑھیں گے۔

**موٹا پڑھنے کا طریقہ** زبان کو تالو کی طرف بلند کرنے سے حرف موٹا ہو جاتا ہے۔ حروف کو موٹا کرنے کیلئے ہونٹوں کو گول مت کریں۔ **رنگوں سے راہنمائی** جو حرف جہاں جہاں موٹا پڑھا جائے گا ادارہ سادات کے مطبوعہ قرآن کریم میں اسے سبز رنگ دیا گیا ہے۔

**حروف غنہ** نون اور میم پر اگر شد ہو تو ہمیشہ غنّہ ہوگا۔ نون اور میم پر اگر جزم ہو تو کبھی غنّہ ہوگا کبھی نہیں ہوگا۔ دونوں کے الگ الگ قاعدے ہیں۔

**نون ساکن** (نْ) اور تنوین (ـًـٍـٌ) کے بعد اگر حروف حلقی (ء ہ ع ح غ خ) اور ﴿ل ر﴾ آجائے تو غنّہ نہیں ہوگا۔ اور اگر (ء ہ ع ح غ خ) اور ﴿ل ر﴾ نہ آئے تو غنّہ ہوگا۔

**میم ساکن** (مْ) کے بعد [ب یا م] آئے تو غنّہ ہوگا۔ اگر [ب یا م] نہ آئے تو غنّہ نہیں ہوگا۔

**رنگوں سے راہنمائی** جس تنوین یا نون ساکن، مشدد یا میم ساکن، مشدد پر غنہ ہوگا اسے سرخ رنگ دیا گیا ہے۔

**غنہ کرنے کا طریقہ** نون یا میم کی آواز کو ایک الف (پڑھنے) کی مقدار کے برابر ناک میں رکھنا۔

**قلقلہ** کے پانچ حروف ہیں (ق ط ب ج د) ان پر اگر جزم آجائے تو ہلا کر [جنبش] سے پڑھتے ہیں **رنگوں سے راہنمائی** جس حرف پر قلقلہ ہوگا اس کی حرکت یا جزم کو نیلا رنگ دیا گیا ہے۔ **قلقلہ کرنے کا طریقہ** حروف قلقلہ کو اپنے مخرج میں ذرا جنبش دے کر (ہلا کر) پڑھتے ہیں

قرآن کریم کو تجوید (صحیح عربی تلفظ) سے پڑھنا واجب ہے ہر مسلمان کو چاہیے کہ وہ قرآن کریم کی صحیح تلفظ کے ساتھ تلاوت کرنا سیکھے۔ جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں


مدیر اعلیٰ — مولانا قاری سید حبیب اللہ شاہ صاحب

نائب مدیر اعلیٰ — جاوید اقبال صاحب

خطاط — خوشنویس عبدالعزیز صاحب

ڈیزائننگ — مولانا خالد نظامی صاحب


## ضروری گذارش

اس پارے کی تیاری میں کار پردازان ادارہ نے پوری محنت کی ہے اور بار بار تصحیح و تزیین کا عمل دہرایا ہے لیکن اس کے باوجود بھی انسانی محنت میں کمی، قصور اور غلطی یا کمی لفظی یا طباعتی اعتبار سے پائی جائے تو ہمیں مطلع کیا جائے تاکہ ہم اس کا فوری ازالہ کر سکیں۔ ہم اس تعاون پر آپ کے ممنون ہوں گے۔ مدیر


تصحیح کنندگان

استاذ القراء حضرت مولانا قاری سعید احمد صاحب، استاذ القراء حضرت مولانا احسان اللہ صاحب
حضرت قاری فرمان الٰہی صاحب، حضرت قاری ضمیر احمد صاحب، قاری محمد عمران لگوانہ صاحب
مولانا قاری سید حبیب اللہ شاہ صاحب، حافظ مفتی محمد زبیر کرنالوی صاحب (رجسٹرڈ پروف ریڈر محکمہ اوقاف)

**ادارہ سادات** حسن مارکیٹ مچھلی منڈی اردو بازار لاہور

0333-4328654
0321-4460675
042-7354326-8461156